پاکستان تمباکو بورڈ

دوبارہ نوٹس نیلامی ٹھیکہ برائے وصولی تمباکو سیس 24-2023(CESS)

پاکستان تمباکو بورڈ صوبہ خیبر پختونخواہ میں تمباکو سیس (CESS) وصولی کے حقوق کی مورخہ 19 جون، 2023، بوقت 11:00 بجے صبح بورڈ کے ہیڈ آفس پشاور میں دوبارہ نیلامی کرے گا۔ قومی شناختی کارڈ اور این ٹی این (NTN) سرٹیفکیٹ کے حامل خواہشمند ٹھیکیدار جو سیس / ریونیو وصولی کا تجربہ رکھتے ہوں کو نیلام عام میں شرکت کیلئے مطلع کیا جاتا ہے۔

نیلام کی شرائط و ضوابط درج ذیل ہیں

1۔ ٹھیکے کی معیاد ایک سال (یکم جولائی، 2023 سے 30 جون، 2024) تک کیلئے ہوگی۔

2۔ دوبارہ نیلامی 19 جون، 2023 کو ٹھیک 11:00 بجے شروع ہوگی۔ تمام ٹھیکیدار حضرات اپنے این ٹی این (NTN) سرٹیفکیٹ اور قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی 11:00 بجے سے پہلے متعلقہ کمیٹی کے پاس کمیٹی روم میں جمع کرائیں۔ قومی شناختی کارڈ اور این ٹی این (NTN) سرٹیفکیٹ کے بغیر بولی کی اجازت نہیں ہوگی۔

3۔ بولی دہندہ کو مبلغ 20 لاکھ روپے کا بینک ڈرافٹ بطور سیکورٹی از رضاعت بنام چیئرمین پاکستان تمباکو بورڈ 19 جون، 2023 کو 10:30 بجے تک زیر عنوان کے پاس جمع کرانا ہوگا۔ جو بولی دہندگان کو نیلامی کے اختتام پر (ماسوائے اول اور دوم سب سے زیادہ بولی دینے والوں کے) واپس کر دیا جائے گا۔ مقررہ وقت کے بعد کوئی زرضاعت قابل قبول نہیں ہوگا۔

4۔ چیئرمین، پی ٹی پی تمام پیشکشوں کو منظوری سے پہلے کسی بھی مرحلے پر مسترد کرنے اور نیلام عام سے بارہ منسلغہ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ کو پاکستان تمباکو بورڈ کے ساتھ ایک معاہدہ (انگریمنٹ) کرنا ہوگا جس میں نیلام سے پہلے اعلان کردہ شرائط و ضوابط شامل کئے جائیں گے۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی پیشکش کا 25% حصہ بمعہ 10% اگم ٹیکس نیلامی کے اختتام پر اسی دن جمع کرانا ہوگا اور بقایا رقم تین یکساں اقساط میں ہر دو ماہ بعد یعنی کہ یکم ستمبر 2023، یکم نومبر 2023 اور یکم جنوری 2024 کو بمعہ 10% اگم ٹیکس ہر قسط کے ساتھ جمع کرانا ہوں گی۔

7۔ اگر کامیاب بولی دہندہ پیشکش کا 25% بمعہ 10% اگم ٹیکس اسی دن جمع کرانے میں ناکام رہا تو اس کا زرضاعت بحق پاکستان تمباکو بورڈ ضبط کر لیا جائے گا۔ اور بروئے قانون دوسرے نمبر پر آنے والے ٹھیکیدار کو پیشکش کی جائے گی اور اسے بھی اپنی بولی کا 25% بمعہ 10% اگم ٹیکس ایک دن میں جمع کرنا ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں اس کا زرضاعت بھی ضبط کر لیا جائے گا۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ کو انگریمنٹ کے دستخط کرنے سے پہلے بولی کی 25% رقم بمعہ 10% اگم ٹیکس کے برابر بینک گارنٹی (Bank Guarantee) یا بقایا 75% ٹھیکے کی رقم بمعہ 10% اگم ٹیکس کے برابر انشورنس کوریج مستحکم انشورنس کمپنی جو کہ مدت ایک سال کے لئے کارآمد ہو، بحق پاکستان تمباکو بورڈ جمع کرنی ہوگی۔ کامیاب بولی دہندہ کو اس کی زرضاعت بینک گارنٹی یا انشورنس کوریج جمع کرنے کے بعد واپس کر دی جائے گی۔

9۔ ٹھیکیدار کی جانب سے کوئی قسط مقررہ وقت پر جمع نہ کرنے کی صورت میں پاکستان تمباکو بورڈ بینک گارنٹی یا انشورنس کوریج سے قسط کی رقم وصول کریگا اور اس صورت میں ٹھیکیدار کو ٹھیکہ کی رقم کے 25% بمعہ 10% اگم ٹیکس کے برابر ایک اور بینک گارنٹی یا بقایا ٹھیکے کی رقم بمعہ 10% اگم ٹیکس کے برابر انشورنس کوریج مستحکم انشورنس کمپنی پندرہ دن کے اندر جمع کرانی ہوگی۔ مقررہ مدت تک گارنٹی یا انشورنس کوریج جمع نہ کرنے کی صورت میں پاکستان تمباکو بورڈ ٹھیکے کی بقایا مدت کے لئے ٹھیکہ منسوخ کرنے کا اختیار محفوظ رکھتا ہے۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار درج ذیل شیڈول کے مطابق اپنے خرچ اور انتظامات کے تحت سیس وصولی کرے گا۔

نمبر شمار	قسم تمباکو	سیس ریٹ	سفارش کردہ سیس ریٹ جو کہ یکم جولائی 2023 سے نافذ العمل ہوں گے	ریمارکس
1	فلیو کیورڈ ورجینیا (FCV)	6.00 روپے فی کلوگرام	9.30 روپے فی کلوگرام	سیگریٹ ساز تمباکو کمپنیوں کے اعلان شدہ کوٹہ پر سیٹ (CESS) وصول نہیں کیا جائیگا۔ خاکہ کرہ اور روڑ پر سیس وصول نہیں کیا جائے گا۔
2	برلے	5.00 روپے فی کلوگرام	6.69 روپے فی کلوگرام	
3	رسٹیکا / ڈبلیو پی	3.00 روپے فی کلوگرام	4.38 روپے فی کلوگرام	
4	نسوار / اسنف	3.00 روپے فی کلوگرام	4.38 روپے فی کلوگرام	

11۔ وفاقی حکومت کی طرف سے مذکورہ بالا سیس ریٹ میں اضافے کی صورت میں ٹھیکے کی رقم میں اسی تناسب سے اضافہ کیا جائیگا۔ جس کی ادائیگی ٹھیکیدار پر لازم ہوگی۔

12۔ سیگریٹ کمپنیوں کی اعلان کردہ ضروریات برآمدات کی غرض سے تمباکو کی نقل و حمل جو کمپنی کے متعین کردہ کوٹہ برائے سال 2023 کے اندر ہو اور پرانا سٹاک جو پاکستان تمباکو بورڈ سے تصدیق شدہ ہو، سیس سے مستثنیٰ ہوں گی۔ تفصیلات تمباکو بورڈ کے دفتر سے درخواست پر طلب کی جا سکتی ہیں۔

13۔ اگر ٹھیکیدار مقررہ مدت میں سیس کسی بھی وجہ سے اکٹھا کرنے میں ناکام رہا تو بورڈ ٹھیکے کے معاہدے میں کوئی ترمیم نہیں کرے گا اور اس سلسلے میں نہ ہی کوئی رقم واپس کرنے کا پابند ہوگا۔ ٹھیکیدار کو کوئی اختیار نہیں ہوگا کہ وہ نقصان کا ازالہ پاکستان تمباکو بورڈ سے مانگے۔ ٹھیکیدار اپنے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق بورڈ کو رقم ادا کرنے کا پابند ہوگا اور اس ضمن میں ٹھیکے کی رقم ادا نہ کرنے کا کوئی جواز قابل قبول نہ ہوگا۔

14۔ تفصیلی قواعد و ضوابط جن کا اعلان نیلامی کے وقت کیا جائے گا، پاکستان تمباکو بورڈ کی ویب سائٹ www.ptb.gov.pk پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

15۔ تمباکو سے منسلک ایسی دیگر سرگرمیاں جن کی ہدایات وفاقی حکومت وقتاً فوقتاً کرتی ہے، پوری کرنے کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔

ڈپٹی سیکریٹری (ایڈمن) پاکستان تمباکو بورڈ

46/ابی، آفس اینکلیو، فیز V-حیات آباد، پشاور۔ فون نمبر: 091-9217155-56 فیکس نمبر: 091-9217149

PID(P)195/23

2023 جون 14 روزنامہ مشرق